30جنوری2015ء

گورنراسٹیٹ بینک نے 20 روپے کے یادگاری سکّے کی رونمائی کی

بینک دولت پاکستان کے گورنر جناب اشرف محمود وتھرانے آج اسٹیٹ بینک کے عجائب گھر میں 'پاک چین دوستی کے سال 2015ء' کی مناسبت سے 20 روپے کے یادگاری سکے کی رونمائی کی۔ تقریب میں چینی قونصل خانے کے نائب قونصل جنرل ڈاکٹر مویونگ پنگ، چینی ذرائع ابلاغ اور معزز شخصیات نے شرکت کی۔

گورنر نے کہا کہ مالی شعبے میں ہمیں طویل عرصے کے دوران اپنے دوستانہ روابط کے نشانات ملتے ہیں۔ ان میں تازہ ترین انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنا کا قیام ہے۔ گورنر نے پاک چائنا انویسٹمنٹ کمپنی کے قیام کا بھی ذکر کیا جو پاکستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی نمو کے فروغ کے لیے ترقیاتی مالی ادارے کے طور پر کام کررہی ہے۔

جناب وتھرانے بتایا کہ پاکستانی بینک چین میں بھی نمائندہ دفاتر کے طور پر قائم ہیں جن میں نیشنل بینک، حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، بینک الحبیب شامل ہیں۔ تاہم انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان موجودہ بینکاری روابط کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مالی روابط حوصلہ افزا ہیں تاہم میری خواہش ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ بینکاری تعلقات مزید بہتر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین مضبوط تجارتی روابط ہیں لیکن انہیں مزید آگے بڑھانے کے لیے، جس سے پاکستانی برآمدات چینی درآمدات کا اہم حصہ بن سکیں، مضبوط بینکاری نیٹ ورک کی موجودگی بے حد ضروری ہے۔

اسٹیٹ بینک کے ترجمانِ اعلیٰ جناب عابد قمر نے اپنے تعارفی کلمات میں کہا کہ دونوں ملکوں کے موجودہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی غرض سے حکومت پاکستان نے زندگی کے مختلف شعبوں میں سال بھر کی سرگرمیوں کا تفصیلی پروگرام تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'پاک چین دوستی کا سال 2015ء' کے تحت اسٹیٹ بینک وفاقی حکومت کے اعلامیہ مورخہ 8 جنوری 2015ء کے مطابق ملک بھر میں موجود ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر کے ذریعے آج 20 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کررہا ہے۔ انہوں نے تقریب کو رونق بخشنے پر چین کے وفد کا شکریہ بھی ادا کیا۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پاک چین تعلقات کے موضوع پر جاری ہونے والا یہ اپنی نوعیت کا تیسرا سکہ ہے۔ 10 روپے مالیت کا پہلا سکہ عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 60 ویں سالگرہ کے پرمسرت موقع پر اکتوبر 2009ء میں جاری کیا گیا تھا۔ 20 روپے مالیت کا دوسرا سکہ مئی 2011ء میں پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ کے موقع پر جاری کیا گیا۔ 2011ء کو پاک چین دوستی کا سال قرار دیا گیا تھا۔

اس سکے کا وزن دس گرام ہے جس میں 75 فیصد تانبا اور 25 فیصد نکل ہے۔ اس کی شکل گول، کنارے پر دندانے اور قطر 27.5 ملی میٹر ہے۔ بڑھتا ہوا ہلالی چاند اور پانچ کونوں والا ابھرتا ہوا ستارہ جس کا رخ شمال مغرب کی سمت ہے، سکے کے سامنے والے رخ کے مرکز میں بنایا گیا ہے۔ سکے کی پشت پر بیچ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے قومی پرچم بنائے گئے ہیں۔ پاکستان کا پرچم سکے کے دائیں جانب دکھایا گیا ہے جبکہ چین کا پرچم بائیں جانب ہے۔

سامنے کا رخ

پچھلا رخ